نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وفاقی وزیر فوڈ سکیورٹی اور صوبائی وزیر زراعت پنجاب کا زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کا دورہ

پاک چین دوستی اور مختلف شعبہ جات میں تعاون مثالی ہے، زرعی یونیورسٹی کا چین کیساتھ سٹوڈنٹ ایکسچینج معاہدہ خوش آئند ہے، وفاقی وزیر فوڈ سکیورٹی ڈاکٹر کوثر عبداللہ

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کا فارمر آؤٹ ریچ پروگرام کاشتکاروں کی فنی معاونت کر رہا ہے، صوبائی وزیر زراعت ایس ایم تنویر

لاہور 09 نومبر 2023: وفاقی وزیر فوڈ سیکورٹی ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک او رصوبائی وزیر زراعت پنجاب ایس ایم تنویر نے جمعرات کو زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کا دورہ کیا اور سنٹر فار ایڈوانسڈ سٹڈیز آڈیٹوریم میں چائنہ پاکستان زرعی فورم میں شرکت کی۔اس موقع پر وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی ڈاکٹر اقرار احمد خان، چائنیز پارٹی سیکرٹری ڈاکٹر چینگ، ریسرچ سنٹرز، ایریڈ ایگریکلچر یونیورسٹی سمیت ملک بھر سے زرعی ماہرین، اساتذہ، محکمہ زراعت کے افسران اور طلبا نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر فوڈ سیکورٹی ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک نے کہا کہ پاک چین دوستی اور مختلف شعبہ جات میں تعاون مثالی ہے جبکہ زرعی یونیورسٹی کا چین کے ساتھ سٹوڈنٹ ایکسچینج معاہدہ بھی انتہائی خوش آئند ہے جس سے ایک دوسرے کے تجربات، مہارتوں، جدید ٹیکنالوجی، عالمی تقاضوں سے ہم آہنگ تحقیق اور زراعت سمیت دیگر شعبہ جات کی ترقی کے عوامل کو سمجھنے اور ان سے استفادہ میں مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ گندم بڑھاؤ مہم سے امید ہے کہ گندم کی اگلی پیداوار بڑھے گی۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم تمام فصلوں کی پیداوار بڑھانے پر کام کر رہے ہیں تا کہ ہم نہ صرف زرعی ملک ہونے کے ناطے اپنی پیداوار بڑھاتے ہوئے ملکی غذائی اجناس کی ضروریات کو پورا کر سکیں بلکہ ہر سال اربوں روپے کے کوکنگ آئل، دالوں اور دیگر اجناس کی درآمد روک کر اربوں ڈالر سالانہ کا زرمبادلہ بھی بچا سکیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس ماہرین کی کمی نہیں لیکن ان سے استفادہ نہیں کیا گیا حالانکہ اللہ پاک نے ہمیں ہر طرح کے موسموں سے نوازا اور ہمارے پاس دنیا کا بہترین نہری نظام اور باصلاحیت کسان بھی موجود ہے مگر ماضی میں اس سے اس طرح استفادہ نہیں کیا گیا جس طرح ضرورت تھی اور اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ہمیں کوکنگ آئل سمیت دیگر غذائی اجناس باہر سے ڈالرز میں درآمد کرنا پڑتی ہیں اور آئے روز ڈالر کی قیمت میں اتار چڑھاؤ سے عوام کو مہنگائی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک نے کہا کہ حکومت نے اپنے زرعی سائنسدانوں اور ماہرین زراعت سے گزارش کی ہے کہ وہ دن رات ایک کر کے غذائی اجناس کی ایسی نئی اقسام تیار کریں جو کم خرچ بالانشیں، موسمی تغیرات اور کیڑے مکوڑوں سمیت مختلف بیماریوں کا مقابلہ کرنے سمیت کم پانی کے استعمال سے فی ایکڑ زیادہ پیداوار دینے کی صلاحیت رکھتی ہوں

صوبائی وزیر زراعت ایس ایم تنویر نے اپنے خطاب میں کہا کہ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر قیادت ستمبر میں چین کا وزٹ کیا